# چہل (۴۰) حدیث

مؤلف

حضرت مجدد الف ثانی

شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ

تحقیق وتخریج

ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس



تحقیقات

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Marfat.com




Marfat.com

# چہل حدیث (۴۰)

مؤلف


حضرت مجدد الف ثانی

شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ


تحقیق و تخریج


ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس





تحقیقات

8-سی، محی الدین بلڈنگ، دربار مارکیٹ، لاہور

فون: 042-5004090 موبائل: 0321-8438292



Marfat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب: چہل حدیث

مؤلف: حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ

تحقیق وتخریج: ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

ناشر: تحقیقات، لاہور(0321-8438292 :

پروف ریڈنگ: شاہد حسین، فخر زمان

زیر اہتمام: محمد راشد مگھالوی

سن اشاعت: مارچ ۲۰۰۸ء/ ربیع الاول ۱۴۲۹ھ

قیمت: $ 20

لائبریری کیٹلاگ کارڈ

297.124

ہمایوں عباس ڈاکٹر (تحقیق وتخریج)
چہل حدیث
لاہور: تحقیقات، 2008
112 ص

1- حدیث

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# مقدمہ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت اور آپ کی احادیث دراصل قرآن کریم کی توضیح وتشریح کی عملی شکل ہیں۔قرآن کریم کے اجمال کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے کردار اور ارشادات سے سمجھایا۔ اس لئے مطالعہ حدیث اور سیرت کو ہمیشہ مسلم دنیا میں ایک بنیادی مقام حاصل رہا ہے۔ مسلمان اپنی زندگی کے شب وروز گزارنے کے لئے اسوہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہمیشہ اپنی نگاہوں میں رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دوراول سے لیکر آج تک علوم حدیث کی تحفیظ اور ترویج کیلئے صاحبان قلم وقرطاس اور ارباب فکرودانش نے اپنی ساری توانائیاں وقف کررکھیں۔ مسلمانوں نے اس شعبہ میں جو عظیم الشان کارنامے انجام دیئے وہی اس بات کا ثبوت ہیں کہ حدیث بنوی کی حجیت پر اہل اسلام میں کبھی بھی دو آراءنہیں تھیں۔ حدیث کے متن اور سند پر تحقیق تو لازمی امر تھا ہی، مسلمانوں نے تو اس شعبہ کی کتب کو بھی مختلف ناموں سے علیحدہ علیحدہ تقسیم کیا۔ ''الجامع''/''المسند''/''السنن''/''المصنف''اور''المستدرک'' جیسی تقسیم، دنیا کے کسی لٹریچر میں نظرنہیں آئے گی۔

اس تقسیم میں ''اربعین'' بھی ایک اہم اور معروف قسم ہے۔ اربعین

Marfat.com

حدیث کی اس کتاب کو کہتے ہیں جس میں ایک یا مختلف موضوعات سے انتخاب کر کے چالیس احادیث جمع کی جائیں۔ چالیس احادیث جمع کرنے کی اصل درج ذیل روایات سے ثابت ہے۔

(۱) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے میری امت کو ایسی چالیس حدیثیں پہنچائیں جس سے اللہ عزوجل نے ان کو نفع دیا تو اس سے کہا جائے گا جس دروازے سے چاہو جنت میں داخل ہو جاؤ۔ (حلیۃ الاولیاء، جلد ۴، ص: ۱۸۹)

(۲) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے جس امتی نے چالیس حدیثوں کو روایت کیا وہ قیامت کے دن اللہ سے اس حال میں ملاقات کرے گا کہ وہ فقیہ عالم ہوگا۔

(العلل المتناهیه، جلد اول، ص: ۱۱۸)

(۳) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے میری امت کے لیے سنت سے متعلق چالیس حدیثوں کو محفوظ کیا حتی کہ وہ حدیثیں ان تک پہنچا دیں میں قیامت کے دن اس کی شفاعت کروں گا اور اس کے حق میں گواہی دوں گا۔ (العلل المتناهیه، جلد اول، ص: ۱۱۷)

(۴) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وآلہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے میری امت کو سنت سے متعلق چالیس حدیثیں پہنچائیں میں قیامت کے دن اس کی شفاعت کروں گا۔

(العلل المتناهيه ،جلد اول،ص:١١٦)

(۵) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے میری امت کو سنت سے متعلق چالیس حدیثیں پہنچائیں میں قیامت کے دن اس کے حق میں گواہی دوں گا۔

(الكامل فی ضعفاء الرجال ،جلد سوم،ص:٨٩٠)

(٦) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے میری امت کو چالیس ایسی حدیثیں پہنچائیں جو ان کے دین میں نفع دیں وہ شخص قیامت کے دن علماء میں سے اٹھایا جائے گا۔

(العلل المتناهيه ،جلد اول،ص:١١٨)

محدثین نے ان روایات کی اسناد پر تنقید کی ہے۔ علماء کے ایک گروہ نے یہ بھی کہا کہ کثرت طرق سے اسناد میں قوت آ گئی ہے اس لئے ضعف مضر نہیں اور فضائل اعمال میں ضعف پر عمل کرنا جائز ہے مگر قطع نظر ان سارے فنی مباحث کے، حصول علم اور اشاعت علم، فریضۂ مسلم ہے۔ اگر کوئی اس نکتہ نظر سے چالیس احادیث کا پیغام لوگوں تک پہنچاتا ہے تو وہ اپنے حسن نیت کے مطابق بارگاہ خداوندی سے اجر ضرور پائے گا۔ اس لئے ہر دور میں اہل علم نے اصول دین،

Marfat.com

فروع دین، جہاد، زھد، آداب اور دیگر موضوعات پر چالیس احادیث کی تالیف کا کام صالح مقاصد کے تحت کیا۔ عبداللہ بن مبارک کو اس کار علم میں اولیت کا شرف حاصل رہا۔ آپ کے علاوہ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ نے درج ذیل معروف علماء کے نام لکھے ہیں جنہوں نے اربعین تالیف کیں۔

محمد بن اسلم الطّوسی، الحسن بن سفیان النسوی، ابو بکر الآجری، ابو بکر محمد بن ابراھیم الاصبھانی، امام الدار قطنی، ابو عبداللہ الحاکم، ابو نعیم، ابو عبدالرحمٰن السلمی، ابوسعید احمد المالینی، ابو عثمان الصابونی، محمد بن عبداللہ الانصاری اور امام ابو بکر البیھقی۔ ان ناموں کے علاوہ دیگر محدثین اور مفسرین کی مصنفات پر نظر ڈالیں تو اکثر نے اربعین کا اہتمام ضرور کیا ہے۔

(تفصیلات کے لئے ملاحظہ فرمائیں: الجواھر البھیۃ فی شرح الاربعین النوویۃ از محمد بن علی بن سالم ص: ۳۶-۳۷)

سلف صالحین کے اسی اسلوب پر عمل کرتے ہوئے امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرھندی رحمۃ اللہ علیہ نے چہل حدیث کے نام سے اربعین ترتیب دی۔ امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کا شمار امت کے ان اساطین میں ہوتا ہے جنہوں نے علمی وفکری اور عملی وتحریکی حوالے سے امت کی نہایت ہی نازک وقت میں رہنمائی فرمائی اور فکر اسلامی کی پاسداری کا فریضہ انجام دیا۔ اس مقصد کے لئے آپ نے بادشاہ کے دربار سے وابستہ سرکردہ افراد، علماء اور عامۃ الناس کو

Marfat.com

خطوط لکھ کر دعوت وتبلیغ کے فریضہ کو انجام دیا۔ ''مکتوبات امام ربانی'' کو دعوتی حوالہ ہی سے نہیں علمی وادبی حوالہ سے بھی تاریخ اسلام میں ایک ممتاز مقام حاصل ہے۔آپ کی اس جدوجہد کے نتیجہ میں اکبری فکر وفلسفہ مفلوج ہو گیا۔عامۃ الناس اور دربار میں شریعت اسلامیہ پر عمل کرنے کے رجحان کو تقویت ملی۔آپ کے مکتوبات کو بلادِ اسلامیہ میں قبولیت ملی اور ان کے تراجم دنیا کی مختلف زبانوں میں ہوئے۔اہل مغرب نے آپ کی فکر کے نہایت گہرے اور دوررس اثرات کی بناء پر ''فکر مجدد'' کے مطالعہ کو اپنی تحقیقات کا مرکز بنایا۔

مکتوبات (3 دفتر) کے علاوہ آپ کی تصانیف درج ذیل ہیں:۔

(۱) اثبات النبوۃ
(۲) رسالہ تھلیلیہ
(۳) رد روافض
(۴) حواشی شرح رباعیات
(۵) مبدأ ومعاد
(٦) معارف لدنیہ
(۷) مکاشفات غیبیہ

مکاشفات غیبیہ میں ۲۹ مکاشفات نقل کئے گئے ہیں۔آپ کے ان مکاشفات کے جامع حضرت خواجہ محمد معصوم رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔اس رسالہ کے آخری صفحات میں یہ عبارت ملتی ہے۔

Marfat.com

"جامع ایں مکاشفات عینیہ (غیبیہ) گوید کہ
بعداز تمام ایں رسالہ چہل حدیث بدستخط
آنحضرت قدس اللہ سرہ الاقدس بنظر درآمد کہ
احادیث متفق علیہ بخاری و مسلم راجع نمودہ
اند تیمناً بہ تتمیم ایں رسالہ بایں احادیث کردہ
شد علی مصدرہا الصلوٰۃ والسلام"۔

(سرہندی، شیخ احمد، مکاشفات عینیہ مجددیہ، ادارہ مجددیہ، کراچی ۱۳۸۴ھ، ص: ۶۶-۶۷)

ان مکاشفات کا جمع کرنے والا کہتا ہے کہ اس رسالہ کے ختم کرنے کے بعد حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کے ہاتھ سے لکھی ہوئی متفق علیہ احادیث نظر آئیں۔ تبرکاً اس رسالہ کا اختتام ان پر کیا جاتا ہے۔ ان احادیث کے مصدر پر صلوٰۃ وسلام ہو۔

حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کی مرتب کردہ "چہل حدیث" کے امتیازات درج ذیل ہیں:۔

(۱) ایسی احادیث کا انتخاب کیا جو متفق علیہ ہیں یعنی امام بخاری اور امام مسلم نے ان کو روایت کیا ہے۔ آپ نے ہر روایت کے اختتام پر "متفق علیہ" لکھنے کا اہتمام کیا ہے۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ بعض مقامات پر بخاری و مسلم کے الفاظ مختلف ہیں لیکن مفہوم ایک ہی ہے۔

Marfat.com

(۲) پہلی حدیث محدثین کے اسلوب پر انما الاعمال بالنیات نقل کی ہے جو آپ کے حسن نیت پر دلالت کرتی ہے۔

(۳) ان چالیس احادیث کے مضامین پر غور کریں تو وہ ایسے ہیں کہ تمام شعبہ ہائے حیات کو محیط ہیں۔ عقائد، عبادات و معاملات، آداب و اخلاق جیسے اہم موضوعات کی احادیث شامل کی ہیں۔ اسی طرح محبت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، اعمال صالحہ کی ترغیب اور ان پر دوام، اعمال صالحہ سے مرتب ہونے والے اثرات، خدمت خلق اور شرک اور بدعت کی مذمت جیسے اہم موضوعات پر بھی احادیث کو شامل کیا ہے۔ گویا ہم کہہ سکتے ہیں کہ آپ نے انتخاب احادیث میں نہایت باریک بینی سے کام لیا ہے۔

(۴) چالیس احادیث کے بعد آپ نے فضائل شیخین پر ۱۲ احادیث نقل فرمائیں۔ غالباً یہ ۱۲ احادیث اس زمانے کے بعض خاص حالات کے پیش نظر آپ نے نقل کرنا ضروری خیال کیا۔

(۵) آخر میں یہ حدیث نقل کی ہے: اِرْحَمُوا مَنْ فِی الاَرْضِ یَرْحَمُکُم مَنْ فِی السَّمَاءِ۔ تم اہل زمین پر رحم کرو، آسمان والا تم پر رحم فرمائے گا۔

(سنن الترمذی، کتاب البر والصلة، باب ماجاء فی رحمة الناس، رقم الحدیث: ۱۹۲۴)

گویا اس رسالہ میں آپ نے کل ۵۴ احادیث جمع کردی ہیں۔ (ایک

Marfat.com

حدیث جامع الخیرات کے عنوان سے چہل حدیث سے پہلے نوادر الاصول کے حوالہ سے نقل فرمائی ہے)

راقم الحروف کی نظر سے آپ کا یہ رسالہ ایک علیحدہ کتاب کی شکل میں نہیں گذرا۔ اس لئے آپ کی جمع کردہ ان احادیث کو شائع کرنے کا اہتمام کیا۔

چند اضافہ جات جو راقم نے کئے وہ درج ذیل ہیں:۔

(۱) ہر حدیث کے موضوع کے مطابق شہ سرخی (Heading) کا اضافہ جو [..........] میں لکھا گیا ہے۔

(۲) احادیث کا اردو اور انگریزی ترجمہ۔ یہ تراجم شائع شدہ مستند تراجم سے لئے گئے ہیں البتہ چند ضروری تبدیلیاں ضرور کی ہیں۔

(۳) صحیح بخاری اور صحیح مسلم ،دونوں کتابوں سے مکمل حوالہ جات اور سند حدیث بھی نقل کر دی ہے۔

(۴) حدیث نمبر ۱۶ کے الفاظ موجودہ مطبوعہ نسخوں میں مکمل طور پر نہ مل سکے اس لئے صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی احادیث جو اس مضمون سے متعلق تھیں ان کو حاشیہ میں نقل کر دیا ہے۔ غالباً آپ نے احادیث کے انتخاب میں مشکوٰۃ المصابیح پر اعتماد کیا یہ حدیث مشکوٰۃ المصابیح میں انہیں الفاظ سے مروی ہے جو حضرت امام ربانیؒ نے نقل فرمائے۔ اس لئے مشکوٰۃ المصابیح کا حوالہ نقل کرنے کا انجام بھی کیا ہے۔

Marfat.com


اس تحریر کا مقصد اللہ تعالیٰ کا فضل اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر رحمت کا حصول ہے، تمام احباب کا شکریہ جنہوں نے اس کام کی تکمیل میں میری معاونت فرمائی۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن مجھے ان صالحین کی معیت عطا فرمائے جنہوں نے اربعین جمع کرنے کا اہتمام فرمایا۔

اَللّٰهُمَّ اشْرَحْ صُدُورَنَا وَامْلأْ قُلُوبَنَا بِنُورِ الْيَقِينِ وَبَرْدِالْإِيمَانِ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى النَّبِيِّ الْكَرِيمِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ.

طالب دعاء
ڈاکٹر محمد ھمایوں عباس شمس
شعبہ اسلامیات
جی سی یونیورسٹی لاہور

۱۲ ربیع النور ۱۴۲۹ھ/ ۲۱ مارچ ۲۰۰۸ء

Marfat.com



ترکی کے عالمی مقابلۂ خطّاطی میں انعام یافتہ
خطّاط احمد علی بھٹّہ

Marfat.com

## ۱

# [حسن نیت کا اجر]

حدَّثَنا الحُمَيدِيُّ عبدُاللّٰه بن الزُّبيرقال حَدَّثَنا سُفيانُ، قال حدَّثنا يَحيى بنُ سَعِيدٍ الأَنصارِيُّ قال أَخبَرَنِي مُحَمَّدُ بنُ ابراهِيمَ التَّيمِيُّ أَنَّهُ سَمِعَ عَلقَمَةَ بنَ وَقَّاصٍ اللَّيثيَّ يَقُولُ سَمِعتُ عُمَرَ بنَ الخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ عَلى المِنبَرِ قال سَمِعتُ رَسولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ إنَّما الأَعمالُ بِالنِّيَّاتِ، وإنَّما لِكُلِّ امرِئٍ مَا نَوى، فَمَنْ كانَتْ هِجرَتُهُ إلى دُنيَا يُصِيبُهَا أَوْ إلى امرَأةٍ يَنكِحُها فَهِجرَتُهُ إلى مَا هاجَرَ إلَيهِ.

Narrarted 'Umar bin Al-Khattab (رضی اللہ عنہ): I hear Allah's Messenger (ﷺ) Saying,"The reward of deeds depends upon the intentions and every person will get the reward according to what he has intended. So whoever emigrates for worldly benefits or for a woman to marry, his emigration will be for what he emigrated for."

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اعمال (کی صحت اور قبولیت کا) دارومدار نیتوں پر ہے اور آدمی

Marfat.com

کے لیے وہی (کچھ) ہے جس کی وہ نیت کرتا ہے چنانچہ جس کی ہجرت دنیا (کے حصول) کے لیے ہو کہ اسے حاصل کرے یا عورت کے لیے ہو کہ اُس سے نکاح کرے تو اُس کی ہجرت اسی کی طرف ہوگی جس کی خاطر وہ ہجرت کرے۔

---

صحیح البخاری، کتاب بدء الوحی،باب: کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ، رقم الحدیث: ۱

صحیح مسلم، کتاب الامارہ،باب:قولہٗ انما الاعمال بالنیّت..............،رقم الحدیث:۱۹۰۷

مشکوۃ المصابیح،رقم الحدیث: ۱

Marfat.com

٢

# [اسلامی تشخص]

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ مُوسَى قالَ: أخبرنا حَنْظَلَةُ بْنُ أبى سُفْيانَ عَنْ عِكْرِمَةَ ابنِ خالِدٍ،عَنِ ابْنِ عُمَرَرضى اللّٰه عنهما قالَ:قالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ :بُنِيَ الإسْلامُ عَلى خَمْسٍ: شَهادَةِ أَنْ لا إلٰهَ إلاَّ اللّٰهُ وَأنَّ مُحَمَّداً رَسُولُ اللّٰهِ، وَإقامِ الصَّلاةِ، وَإيتاءِ الزَّكاةِ، وَالحَجِّ، وَصَوْمِ رَمَضانَ.

Narrated Ibn Umar (رضي الله عنه): Allah's Messenger (ﷺ) said: Islam is based on (the following) five (principles):

(i) To testify that non has the right to be worshipped but Allah and that Muhammad (ﷺ)is the Messenger of Allah.

(ii) To perform the (compulsory congregational) prayer.

(iii) To pay Zakat.

(iv) To perform Haj. (i.e. pilgrimage to Makkah)

(v) To observe fasts during the month of Ramadan.

Marfat.com

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسلام کی بنیاد پانچ (اصولوں) پر ہے۔

(۱) اس بات کی شہادت دینا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔

(۲) نماز قائم کرنا۔

(۳) زکاۃ ادا کرنا۔

(۴) بیت اللہ کا حج کرنا اور

(۵) رمضان کے روزے رکھنا

---

صحیح البخاری، کتاب الایمان، باب الایمان، رقم الحدیث: ۸

صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب: بیان ارکان الاسلام و دعائمہ العظام، رقم الحدیث: ۱۶

مشکوۃ المصابیح، کتاب الایمان، رقم الحدیث: ۳

Marfat.com

٣

# [ایمان کے شعبے]

عن أَبِی هُریرۃَ رضیَ اللّٰہُ عنهُ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰہِ ﷺ :

((الإِیمانُ بِضْعٌ وسَبْعونَ (أو: بِضْعٌ وسِتُّونَ) شُعبةً؛ فأَفْضَلُها: قَوْلُ لا إلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ، وأَدْناها: إماطَةُ الأذی عنِ الطَّریقِ، والحَیاءُ شُعْبَةٌ مِن الإِیمانِ))

Abu Hurairah (رضي الله عنه) narrated that the Messenger of Allah (ﷺ) said: "Faith (Belief) consists of more than seventy (or more than sixty) branches (i.e., parts). The most excellent one of them is to say none has the right to be worshipped except Allah and the least and lowest of them is to remove the injurious and harmful things from the path. And modesty is a part of Faith.

Marfat.com

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایمان کی ستر سے زیادہ شاخیں ہیں جس میں (سب سے) افضل لا الٰہ الا اللّٰہ کہنا ہے اور (سب سے) ادنیٰ راستے سے کسی تکلیف دہ چیز کو ہٹانا اور حیا (بھی) ایمان کی ایک شاخ ہے۔

صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب عدد شعب الایمان، رقم الحدیث: ۳۵

صحیح البخاری، کتاب الایمان، باب امور الایمان، رقم الحدیث: ۹

بخاری اور مسلم کی روایت میں قدرے فرق ہے یہ الفاظ صحیح مسلم کے ہیں۔

مشکوۃ المصابیح، کتاب الایمان، رقم الحدیث: ۴

Marfat.com

۴

[حب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم]

حَـدَّثَـنـا يَـعْـقُوبُ بنُ إبْرَهِيمَ قالَ: حَدَّثَنا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ عَبْدِ العَزِيْزِ ابنِ صُهَيْبٍ ، عَنْ أنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ (ح) و حَدَّثَنا آدمُ قالَ: حَـدَّثَـنا شُعْبَةُ ، عَنْ قَتادَةَ، عَنْ أنَسٍ قالَ: قالَ النَّبِيُّ ﷺ :((لا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى أَكُونَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ وَالِدِهِ وَوَلَدِهِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ)).

Narrated Anas (رضی اللہ عنہ): The Prophet (ﷺ) said, "None of you will have faith till he loves me more than his father, his children and all mankind."

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں کوئی شخص اس وقت تک کامل مومن نہیں ہوسکتا جب تک کہ میں اُسے اس کے والدین، اولاد اور ساری دنیا کے لوگوں سے زیادہ محبوب نہیں ہوجاؤں۔


---

صحیح البخاری، کتاب الایمان، باب حب الرسول صلی اللّٰہ علیہ وسلم من الایمان ، رقم الحدیث: ۱۵

صحیح مسلم ، کتاب الایمان، باب وجوب محبۃ رسول اللہ ، رقم الحدیث ۴۴

مشکوۃ المصابیح، کتاب الایمان، رقم الحدیث: ۶

Marfat.com


فإن من جودك الدنيا وضرتها
ومن علومك علم اللوح والقلم
يا نفس لا تقنطي من زلة عظمت
إن الكبائر في الغفران كاللمم

## ٥

## [حلاوت ایمان]

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بنُ الْمُثَنَّى قالَ: حَدَّثَنا عَبْدُ الوهَّابِ الثَّقَفِيُّ قالَ: حَدَّثَنا أيُّوبُ، عَنْ أبي قِلابَةَ، عَنْ أنَسٍ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قالَ: ((ثَلاثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ وَجَدَ حَلاوَةَ الإيمانِ: أنْ يَكُونَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أحَبَّ إلَيْهِ مِمَّا سِوَاهما، وأنْ يُحِبَّ المَرْءَ لا يُحِبُّهُ إلَّا لِلّٰهِ، وَأنْ يَكْرَهَ أنْ يَعُودَ فِي الْكُفْرِ كما يَكْرَهُ أنْ يُقْذَفَ فِي النَّارِ))

Narrated Anas (رضي الله عنه): The Prophet (ﷺ) said,"Whoever possesses the following three qualities will have the sweetness (delight) of faith:

1. The one to whom Allah and His Messenger (Muhammad ﷺ)become dearer than anything else.
2. Who loves a person and he loves him only for Allah's sake.
3. Who hates to revert to atheism (disbelief) as he hates to be thrown into the fire."

Marfat.com

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس شخص میں یہ تین خصلتیں ہوں گی وہ ایمان کی مٹھاس پالے گا:

۱۔ جسے اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب سے زیادہ محبوب ہوں۔

۲۔ کسی شخص سے محبت کرے تو صرف اللہ تعالیٰ کے لئے کرے۔

۳۔ جسے کفر کی طرف لوٹنا اتنا ہی ناپسند اور تکلیف دہ ہو جتنا آگ میں ڈالا جانا۔

---

صحیح البخاری، کتاب الایمان، باب حلاوة الایمان، رقم الحدیث: ۱۶

صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب بیان خصال من اتصف بهن وجد حلاوة الایمان، رقم الحدیث: ۴۳

مشکوة المصابیح، کتاب الایمان، رقم الحدیث: ۷

Marfat.com

٦

## [حقوق اللہ کی ادائیگی کے ثمرات]

حدَّثنی إسحاقُ بنُ إبْرَاهِیمَ: سَمعَ یَحْیی بنَ آدمَ: حدَّثنا أبُو الأحْوَصِ ، عَنْ أبی إسحاقَ ، عَنْ عمْرِو ابنِ مَیْمُون ، عَنْ مُعاذٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ قالَ : کُنتُ رِدْفَ النَّبیِّ ﷺ علی حِمارٍ یُقالُ لَهُ: عفَیْرٌ،فَقالَ: ((یامُعاذُ هَلْ تَدْرِی حَقَّ اللّٰهِ عَلی عِبادِهِ وما حَقُّ العِبادِ عَلی اللّٰهِ)) قُلْتُ: اللّٰهُ ورَسُولُهُ أعْلَمُ ، قالَ: ((فَإنَّ حَقَّ اللّٰهِ عَلی الْعِبادِ أنْ یَعْبُدُوهُ ولا یُشْرِکُوا بِهِ شَیْئاً ، وحَقَّ العِبادِ عَلی اللّٰهِ أن لا یُعذِّبَ مَنْ لا یُشْرِکُ بِهِ شَیْئاً)). فَقُلْتُ:یارَسُولَ اللّٰهِ ، أفَلا أبَشِّرُ بِهِ النَّاسَ؟ قالَ: ((لا تُبَشِّرْهُمْ فَیَتَّکِلُوا)).

Narrated Mu'adh (رضي الله عنه): I was a companion-rider behind the Prophet (ﷺ) on a donkey called 'Ufair. The Prophet (ﷺ) asked, "O Mu'adh! do you know what Allah's Right on His slaves is, and what the right of His slaves on Him is?" I replied, "Allah and His Messenger (ﷺ) know better." He said,"Allah's Right on His slaves is that they should worship Him (Alone) and should not worship anything else besides Him.

Marfat.com

And slaves' right on Ailah is that He should not punish him who worships none besides Him." I said, "O Allah's Messenger! should i not inform the people of this good news?" He said,"Do not inform them of it, lest they should depend on it (solely)."

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے دراز گوش پر سوار تھا جسے عفیر کہا جاتا تھا چنانچہ آپ پوچھنے لگے اے معاذ! کیا تم جانتے ہو بندوں پر اللہ کا حق کیا ہے؟ اور اللہ پر بندوں کا کیا حق ہے؟ میں نے عرض کی اللہ اور اس کے رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: بندوں پر اللہ کا حق یہ ہے کہ وہ صرف اسی کی عبادت کریں اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہرائیں اور بندوں کا اللہ تعالیٰ پر حق یہ ہے کہ جو اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائے اسے عذاب نہ دے۔ میں نے عرض کی یا رسول اللہ! کیا میں یہ بشارت دوسرے لوگوں تک نہ پہنچاؤں۔ آپ نے فرمایا: نہیں، انہیں یہ بشارت نہ دو کہ پھر وہ اسی پر بھروسہ کر کے بیٹھے رہیں گے (اور عمل میں کوتاہی کریں گے)

صحیح البخاری، کتاب الجهاد والسیر، باب اسم الفرس والحمار، رقم الحدیث ۲۸۵۶

صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب الدلیل علی ان من مات، رقم الحدیث ۳۰

مشکوۃ المصابیح، کتاب الایمان، رقم الحدیث: ۲۲

Marfat.com

# [عقائد]

حدَّثنا صدقةُ بنُ الفضلِ: حدَّثنا الوليدُ، عنِ الأوزاعيِّ: حدَّثني عُميرُ بنُ هانِي قالَ: حدَّثني جُنادةُ بنُ أبي أُميَّةَ، عَنْ عُبادةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ عَنِ النَّبيِّ ﷺ قالَ: ((مَنْ شهِدَ أنْ لا إلٰهَ إلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لا شَرِيكَ لَهُ وَأنَّ مُحمَّداً عَبْدُهُ ورَسُولُهُ وأنَّ عِيسَى عَبْدُ اللّٰهِ ورَسُولُهُ وَكَلِمَتُهُ ألقَاهَا إلىٰ مَريَمَ وَرُوحٌ منهُ والجنة حَقٌّ والنَّارُ حَقٌّ أدْخَلَهُ اللّٰهُ الجَنَّةَ على ما كانَ مِنَ العملِ)).

Narrated 'Ubada (رضي الله عنه): The Prophet (ﷺ) said,"If anyone testifies that none has the right to be worshipped but Allah Alone, who has not partners, and that Muhammad (ﷺ) is His slave and His Messenger, and that Isa (Jesus) (عليه السلام) is Allah's slave and His Messenger and His Word, which He bestowed on Maryam (Mary) and a Ruh (spirit) created by Him, and that Paradise, is the truth and Hell is the truth, Allah will admit him into Paradise with the deeds which he had done even if those deeds were few.

Marfat.com

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے گواہی دی کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں (نیز ذات وصفات میں) اُس کا کوئی شریک نہیں اور یہ شہادت (بھی) دی کہ حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اُس کے بندے اور رسول ہیں اور یہ کہ حضرت عیسٰی علیہ السلام اللہ کے بندے، اس کے رسول اور کلمۃ ہیں جو اس نے (اپنی بندی) حضرت مریم کی طرف القاء فرمایا اُور روح اللہ ہیں اور یہ کہ جنت ودوزخ برحق ہیں تو اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل فرمائے گا خواہ اس کے اعمال کیسے ہی کیوں نہ ہوں۔

---

صحیح البخاری، کتاب احادیث انبیاء، باب یااھل الکتاب، رقم الحدیث ۳۴۳۵

صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب الدلیل علی ان من مات علی، رقم الحدیث: ۲۸

مشکوۃ المصابیح، کتاب الایمان، رقم الحدیث: ۲۵

Marfat.com

## ٨

## [ساتِ مہلکات]

حَدَّثَنَا عَبْدُ العَزِيز بنُ عَبْدِ اللّٰهِ قالَ: حدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بنُ بِلالٍ، عَنْ ثَوْرِ بنِ زَيْدٍ المَدَنِيِّ عَنْ أبِي الْغَيْثِ، عَنْ أبي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قالَ: ((اجْتَنِبُوا السبعَ الموبقاتِ)). قالُوا: يا رسولَ اللّٰهِ (ﷺ)، وما هُنَّ؟ قالَ: ((الشِّرْكُ باللّٰهِ، والسِّحْرُ، وقَتْلُ النَّفْسِ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ إلَّا بالحَقِّ، وأكْلُ الرِّبا، وأكْلُ مالِ اليَتِيمِ، والتَّوَلِّي يَوْمَ الزَّحْفِ، وقَذْفُ المُحْصَناتِ المُؤْمِناتِ الغافِلاتِ.

Narrated Abu Hurairah (رضي الله عنه): The Prophet (ﷺ) said,"Avoid the seven great destructive sins."The people enquired,"O Allah's Messenger! What are they?"He said,

(1) To join others in worship alongwith Allah;
(2) To practise sorcery
(3) To kill the life which Allah has forbidden except for a just cause, (according to Islamic law)

Marfat.com

(4) To eat up Riba (usury)
(5) To eat up an orphan's wealth
(6) To show one's back to the enemy and fleeing from the battlefield at the time of fighting, and
(7) to accuse chaste women, who never even think of anything touching chastity and are good believers.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سات ہلاک کرنے والی چیزوں سے بچو، لوگوں نے پوچھا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ سات ہلاک کرنے والی کیا ہیں؟ فرمایا: اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا، جادو کرنا، کسی کو ناحق قتل کرنا جسے اللہ تعالیٰ نے حرام کیا ہے، سود کھانا، یتیم کا مال ہڑپ کرنا، جنگ میں پیٹھ موڑ کر فرار ہونا، پاک دامن، مومن اور پاک طینت عورتوں پر الزام لگانا۔

---

صحیح البخاری، کتاب الوصایا، باب قول اللہ تعالیٰ (ان الذین یاکلون ......)
رقم الحدیث ۲۷۶۶
صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب بیان الکبائر واکبرھا، رقم الحدیث: ۸۹
مشکوۃ المصابیح، کتاب الایمان، باب الکبائر وعلامات النفاق، رقم الحدیث: ۴۷

Marfat.com

## ٩

# [وسوسوں پر معافی]

حَدَّثَنَا الحُمَيدِيُّ: حدَّثنَا سُفيانُ : حدَّثَنَا مِسْعَر" عَنْ قَتادَةَ، عَـنْ زُرَارَةَ بنِ أوفى، عَنْ أبى هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قالَ: قالَ النَّبيُّ ﷺ: ((إنَّ اللّٰه تَجاوَزَ لى عَنْ أُمَّتِى ما وَسْوَسَتْ بِهِ صُدُورُها ما لَمْ تَعْمَلْ أوْ تَكَلَّمَ)).

Narrated Abu Hurairah (رضي الله عنه) : The Prophet (ﷺ) said,"Allah has accepted my invocation to forgive what whispers in the hearts of my followers, unless they put it to action or utter it.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میرے امتیوں کے دلوں میں آنے والے وسوسوں سے درگذر فرمادیا ہے۔ بشرطیکہ کوئی ان پر عمل نہ کرے اور زبان پر نہ لائے۔

---

صحیح البخاری، کتاب العتق، باب الخطا والنسیان، رقم الحدیث ۲۵۲۸

صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب تجاوز اللہ عن حدیث النفس، رقم الحدیث ۱۲۷

مشکوۃ المصابیح، کتاب الایمان، باب فی الوسوسۃ، رقم الحدیث: ۵۷

Marfat.com

Marfat.com

۱۰

# [معیارنجات]

حدَّثَنا سَعِيدٌ ابنُ اَبِی مَریَم حدَّثَنا اَبُوغَسَّان حدَّثَنِی اَبُوحَازِمٍ عَنْ سَهْلٍ............

((إنَّ العَبْدَ لَيَعْمَلُ عَمَلَ أهْلِ النَّارِ وإنَّهُ مِنْ أهْلِ الجنَّةِ ، ويَعْمَلُ عَملَ أهْلِ الجنَّةِ وإنَّهُ مِنْ أهْلِ النَّارِ ، وإنّما الأعْمالُ بالخَواتِيمِ)).

Narrated Sahl (bin Sad): the Prophet (ﷺ) said,"A man may do the deeds of the people of the Fire, while in fact he is one of the people of Paradise, and he may do the deeds of the people of paradise while in fact he belongs to the people of Fire, and verily, (the rewards of) the deeds are decided by the last actions (deeds)".

Marfat.com

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ سے مروی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (بسا اوقات) بندہ دوزخیوں کے سے عمل کرتا ہے جبکہ وہ اہل جنت میں سے ہوتا ہے اور وہ جنتیوں کے سے عمل کرتا ہے جبکہ وہ اہل دوزخ میں سے ہوتا ہے۔ (خلاصہ یہ کہ) اعمال (کی قبولیت) (حسن) خاتمہ پر موقوف ہے۔

---

صحیح البخاری، کتاب القدر، باب العمل بالخواتیم، رقم الحدیث ٦٦٠٧

صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب غلظ تحریم قتل الانسان، رقم الحدیث: ١١٢

Marfat.com

## ۱۱

# [بدعت کی مذمت]

حَـدَّثَـنَـا يَـعْـقُـوبُ: حَـدَّثَـنَـا إِبْرَاهِيمُ بنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الـقَـاسِمِ ابنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْها قالَت: قالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: ((مَنْ أَحْدثَ فِى أَمْرِنا هذَا ما لَيْسَ فِيهِ فَهُوَ رَدٌّ)).

Narrated Aishah (رضی اللّٰہ عنہا) Allah's Messenger (ﷺ) said,"If somebody innovates something which is not present in our religion (of Islamic Monotheism), then that thing will be rejected.

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہمارے اس دین (اسلام) میں کوئی ایسی نئی بات پیدا کی جو اس میں نہ ہوتو وہ مردود ہے۔

---

صحیح البخاری، کتاب الصلح، باب اذا اصطلحوا علی صلح جور،

رقم الحدیث۲۶۹۷

صحیح مسلم، کتاب الاقضیة، باب نقض الاحکام الباطلة، رقم الحدیث :۱۷۱۸

مشکوة المصابیح، باب الاعتصام بالکتاب والسنة، رقم الحدیث: ۱۳۳

Marfat.com

Marfat.com

۱۲

[ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قاسم ہیں ]

حدَّثَنا سَعِيدُ بنُ عُفَيرٍ قالَ: حدَّثَنَا ابنُ وَهبٍ ، عَنْ يُونُسَ ، عَنِ ابنِ شِهابٍ قالَ: قالَ حُمَيْدُ بنُ عَبْدِ الرَّحمٰنِ: سَمِعْتُ مُعاوِيَةَ خَطِيباً يَقُولُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ: ((مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْراً يُفَقِّهْهُ فِى الدِّيْنِ ، وإنَّما أنا قاسِمٌ وَاللّٰهُ يُعْطِى.

Narrated Muawiya (رضي الله عنه) in a Khutba (religious Serman): I heard Allah's Messenger (ﷺ) saying,"If Allah wants to do good to person, He makes him comprehend the religion [the understanding of the Qur'an and As-Sunnah of the Prophet (Muhammad (ﷺ)], I am just a distributor, but the grant is from Allah (جل جلاله).

Marfat.com

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ جس کے لیے خیر کا ارادہ کرتا ہے اُسے دین کی سمجھ عطا فرما دیتا ہے۔ میں تو (اس کی نعمتوں کو) تقسیم کرنے والا ہوں، اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے۔

---

صحیح البخاری، کتاب العلم، باب من یرد اللہ، رقم الحدیث: ۷۱

صحیح مسلم، کتاب الزکاۃ، باب النہی عن المسالۃ، رقم الحدیث: ۱۵۳۷

مشکوۃ المصابیح، کتاب العلم، رقم الحدیث: ۱۹۰

Marfat.com

## ١٣

## [وضو سے گناہوں کا مٹنا]

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ مَعْمَرِ ابْنِ رِبْعِی الْقَیْسِیّ، حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الْمَخْزُومِیُّ عَنْ عَبْدِالْوَاحِدِ (وَهُوَ ابْنُ زِیَاد)، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ حَکِیْمٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ الْمُنْکَدِرِ، عَنْ حُمْرَانَ.

عَنْ عُثْمَانَ ابْنِ عَفَّانَ ، قَالَ: قَال رَسُولُ اللّٰه ﷺ : ((مَنْ تَوَضَّا فَأَحْسَنَ الْوُضُوءَ خَرَجَتْ خَطَایَاهُ مِنْ جَسَدِهِ ، حَتّٰی تَخْرُجَ مِنْ تَحْتِ أَظْفَارِهِ.))

Uthman رضی اللہ عنہ Reported that the Messenger of Allah ﷺ said:

Who so performs ablution and performs ablution well, his sins will come out of his body, till they come out even from under his nails.

Marfat.com

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے وضو کیا اور اچھی طرح وضو کیا تو اُس کے (پورے) جسم سے حتیٰ کہ اُس کے ناخن (تک) سے گناہ نکل جاتے ہیں۔

---

صحیح مسلم، کتاب الطهارة، باب خروج لخطایا مع ماء الوضوء،

رقم الحدیث: ۲۴۵

صحیح البخاری، کتاب الوضو، باب الوضو ثلاثا ثلاثا، رقم الحدیث: ۱۵۹

صحیح بخاری اور مسلم کے الفاظ میں فرق ہے۔

مزید ملاحظہ فرمایئے صحیح البخاری، رقم الحدیث ۱۶۰، ۱۶۴، ۱۹۳۴، ۶۴۳۳

مشکوۃ المصابیح، کتاب الطهارة، رقم الحدیث: ۲۶۴

Marfat.com

۱۴

## [ وضو کی اہمیت ]

حَدَّثَنَا إسحَاقُ بنُ إبرَاهِيمَ الحنظَلِيُّ قالَ: أخبرَنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قالَ: أخبَرَنا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بنِ مُنَبِّهٍ أَنَّهُ سَمِعَ أبا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: قالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: ((لاتُقْبَلُ صَلاةُ من أَحْدَثَ حتّٰى يَتَوَضَّأ)).

Narrated Abu Hurairah (رضی اللہ عنہ): Allah's Messenger (ﷺ) said,"The Salat (prayer) of a person who passes urine, stoll or wind is not accepted till he performs (repeats) the ablution.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کا وضو ٹوٹ جائے اس کی نماز اس وقت تک قبول نہیں ہوگی جب تک وہ (دوبارہ) وضو نہ کرے۔


---

صحیح البخاری، کتاب الوضوء، باب لاتقبل صلاۃ بغیر طھور، رقم الحدیث: ۱۳۵

صحیح مسلم، کتاب الطھارۃ، باب وجوب الطھارۃ للصلاۃ، رقم الحدیث: ۲۲۵

مشکوۃ المصابیح، کتاب الطھارۃ، باب مایوجب الوضوء، رقم الحدیث: ۲۸۰

Marfat.com



Marfat.com

۱۵

## [بیت الخلاء میں داخلہ کی دعاء]

حدَّثنا آدمُ قال: حدَّثنا شُعبَةُ عَنْ عَبدِ العَزيزِ بنِ صُهَيبٍ قالَ: سَمِعتُ أنساً يَقُولُ: كانَ النَّبِيُّ ﷺ إذَا دَخَلَ الخَلاءَ قالَ: ((اللَّهُمَّ إنِّي أعُوذُ بِكَ مِنَ الخُبُثِ والخَبائِث))

Narrated Anas (رضی اللہ عنہ): whenever the Prophet (ﷺ) went to answer the call of nature, he used to say, O Allah, I seek refuge with You from devils - males and females (for all offensive and wicked things, evil deeds etc.

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بیت الخلا میں داخل ہوتے وقت تو یہ پڑھتے: اللَّهُمَّ إنِّي أعُوذُ بِكَ مِنَ الخُبُثِ والخَبائِث

اے اللہ! میں ناپاکی اور ناپاکوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

---

صحیح البخاری، کتاب الوضو، باب مایقول عندالخلاء، رقم الحدیث: ۱۴۲

صحیح مسلم، کتاب الحیض، باب مایقول اذا اراد دخول الخلاء، رقم الحدیث: ۳۷۵

مشکوۃ المصابیح، کتاب الطھارۃ، باب آداب الخلاء، رقم الحدیث: ۳۱۰

Marfat.com

Marfat.com

١٦

# [نمازعشاء میں تاخیر اور مسواک کی فضیلت]

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ یرفعُهُ قَالَ : لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰی اُمَّتِیْ لَاَمَرْتُھُمْ بِتَاخِیْرِ الْعِشَاءِ وَبِالسِّوَاکِ عِنْدَ کُلِّ صَلٰوۃٍ.

Abu Hurairah (رضي الله عنه) reported that the Messenger of Allah (ﷺ) said: Had I not thought it hard for my people, I would have directed them to delay the night prayer and use the tooth stick at the time of each prayer.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر مجھے اپنی امت پر یہ بات گراں نہ لگتی تو میں اسے نماز عشاء دیر سے ادا اور ہر نماز کے ساتھ مسواک کرنے کا حکم دیتا۔

---

سنن ابو داؤد، کتاب الطھارۃ، باب السواک، رقم الحدیث: ۴٦

علامہ البانی نے اس روایت کو صحیح کہا مگر ساتھ الا جملۃ العشاء کہا۔

زیر نظر حدیث کے ساتھ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی نے متفق علیہ کی اصطلاح تحریر فرمائی ہے۔ مگر امام بخاری اور مسلم میں دونوں حکم، عشاء کی نماز میں تاخیر اور مسواک، ایک ہی روایت میں اکٹھے نہیں مل سکے۔ غالباً مشکوٰۃ المصابیح میں اس روایت کے بعد متفق علیہ لکھا تھا۔ آپ کا ماخذ یہی مجموعہ حدیث رہی ہوگی۔ اس لئے یہ روایت اسی انداز میں لکھی گئی۔

مشکوۃ المصابیح، کتاب الطھارۃ، باب السواک، رقم الحدیث: ۳۴۷

Marfat.com

نوٹ: بخاری اور مسلم کی اس موضوع کی علیحدہ علیحدہ روایات درج ذیل ہیں۔
ہر نماز کے وقت مسواک کی روایت حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور عشاء کی ادائیگی میں تاخیر کی روایت حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ يُوسُفَ قالَ: أخْبَرنا مالكٌ، عَنْ أبي الزِّنادِ، عَنِ الأعْرَجِ، عَنْ أبي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قالَ: ((لَوْلا أنْ أشُقَّ عَلى أُمَّتِي - أوْعَلى النَّاسِ - لأمَرْتُهُمْ بالسِّوَاكِ مَعَ كُلِّ صَلاةٍ))

Narrated Abu Hurairah (رضی اللہ عنہ) Allah's Messenger (ﷺ) said,"If I had not found it hard for my followers - or the people _ i would have ordered them to clean their teeth with Siwak for every Salat (prayer)."

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر میں اپنی امت پر یہ بات (یا آپ نے فرمایا) گراں خیال نہ کرتا تو اسے حکم دیتا کہ ہر نماز کے ساتھ مسواک کیا کریں۔

---

صحیح البخاری، کتاب الجمۃ، باب السواک یوم الجمعہ، رقم الحدیث: ۸۸۷

صحیح مسلم، کتاب الطھارۃ، باب السواک، رقم الحدیث: ۲۵۲

Marfat.com

عـن ابـن عبـاس......:لَـولا أَنْ أَشُقَّ عَلٰى أُمَّتِي – لأَمَرْتُهُمْ اَنْ يُصَلُّوهَا هٰكَذا.

Were I not afraid that it would be hard for my followers, I would order them to pray 'Isha' prayer at this time. (Various versions of this Hadtih are given by the narrators with slight differences in expression)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ، آپ ﷺ نے فرمایا: اگر مجھے یہ احساس نہ ہوتا کہ میری امت تکلیف میں مبتلا ہو جائے گی تو میں اسے حکم دیتا کہ اسی طرح (اتنی ہی تاخیر سے) نماز عشاء پڑھا کریں۔

---

صحیح بخاری، کتاب مواقیت الصلوٰۃ، باب النوم قبل العشاء لمن غلب،

رقم الحدیث: ۵۷۱

صحیح مسلم، کتاب المساجد، باب وقت العشاء وتاخیرھا، رقم الحدیث: ۶۴۲

Marfat.com

Marfat.com

## ۱۷

## [ہر کام کا آغاز دائیں طرف سے ]

حدَّثَنا حَفْصُ بنُ عُمَرَ قالَ: حدَّثَنا شُعْبَةُ قالَ: أَخْبَرَنِی أَشْعَثُ بنُ سُلَيْمٍ قالَ: سَمِعْتُ أَبی، عَنْ مَسروقٍ عَنْ عائِشَةَ قالَتْ: كانَ النَّبِیُّ يُعْجِبُه التَّيَمُّنُ فی تَنَعُّلِهِ وتَرَجُّلِهِ وَطُهُورِهِ وفی شأنِهِ كُلِّه.

Narrated Aishah (ﷺ): The Prophet (ﷺ) used to like to start from the right side on wearing shoes, combing his hair and cleaning or washing himself and on doing anything else.

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے تمام کام دائیں جانب سے شروع کرنا پسند فرماتے تھے حتی کہ جوتا پہننا، کنگھی کرنا اور طہارت کرنا بھی۔

---

صحیح البخاری، کتاب الوضو، باب التیمن فی الوضوء والغسل،

رقم الحدیث: ۱۶۸

صحیح مسلم، کتاب الطهارة، باب التیمن فی الطهور وغیره، رقم الحدیث: ۲۶۸

مشکوة المصابیح، کتاب الوضوء، باب السنن الوضوء، رقم الحدیث: ۳۶۹

Marfat.com

Marfat.com

## ۱۸

## [غسل کا طریقہ]

حدَّثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ يُوسُفَ قالَ: أخْبَرَنا مالِكٌ، عَنْ هِشامِ ابْنِ عُـروَةَ، عَنْ أبِيهِ، عَن عائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ أنَّ النَّبِيَّ ﷺ كانَ إذَا اغْتَسَـلَ مِـنَ الـجنَابَةِ بَدَأَ فَغَسَلَ يَدَيْهِ، ثُمَّ يَتوَضَّأُ كما يَتَوَضّأُ لِلصَّلاةِ، ثُـمَّ يُـدْخِـلُ أصَابِعَهُ فِي الماءِ فيُخلِّلُ بِها أُصُولَ شَعَرِهِ ثُمَّ يَصُبُّ عَلى رَأسِهِ ثَلاثَ غُرَفٍ بِيَدَيْهِ، ثُمَّ يُفِضُ الماءَ عَلى جِلْدِهِ كُلِّهِ.

Narrated Aishah (رضی اللہ عنہا) whenever the Prophet (ﷺ) took a bath after Janaba, he started by washing his hands and then performed ablution like that for Salat (prayer). After that he would put his fingers in water and move the roots of his hair with them, and then pour three handfuls of water over his head and then pour water all over his body.

Marfat.com

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنابت کا غسل فرماتے تو سب سے پہلے اپنے دونوں ہاتھوں کو دھوتے، پھر وضو فرماتے جیسے نماز کے لیے وضو فرماتے پھر اپنی انگلیوں کو پانی میں ڈال کر بالوں کی جڑوں میں خلال کرتے۔ پھر تین چلو پانی لیکر اپنے دونوں ہاتھوں سے بہاتے، پھر اپنے سارے جسم پر پانی بہاتے۔

---

صحیح البخاری، کتاب الغسل، باب الوضوء قبل الغسل، رقم الحدیث: ۲۴۸

صحیح مسلم، کتاب الحیض، باب صفة غسل الجنابة، رقم الحدیث: ۳۱۶

مشکوة المصابیح، کتاب الطهارة، باب الغسل، رقم الحدیث: ۴۰۰

Marfat.com

۱۹

## [غسل جنابت میں رخصت]

حدَّثَنا يَحْيَى بنُ بُكَيْر قالَ: حدَّثَنا اللَّيثُ ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِي جَعْفَر ، عَنْ مُحَمَّدِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمنِ، عَنْ عُرْوَةَ ، عَنْ عائِشَةَ قالَتْ: كانَ النَّبِيُّ ﷺ إذا أرادَ أنْ يَنامَ وهُوَ جُنُبٌ غَسَلَ فَرْجَهُ وتَوَضَّأَ لِلصَّلاةِ.

Narrated Aishah (رضی اللہ عنہا): Whenever the Prophet (ﷺ) intended to sleep while he was junub, he used to wash his private parts and perform ablution like that for the salat (prayer).

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنابت کی حالت میں ہوتے اور سونا چاہتے تو ستر کو دھو لیتے اور وضو فرما لیتے جیسے نماز کے لیے وضو فرماتے۔

---

صحیح البخاری، کتاب الغسل، باب الجنب يتوضا ثم ينام، رقم الحديث: ۲۸۸

صحیح مسلم، کتاب الحیض، باب جواز نوم الجنب، رقم الحديث: ۳۰۵

مشکوۃ المصابیح، کتاب الطهارة، باب مخالطة الجنب، رقم الحديث: ۴۱۸

Marfat.com

Marfat.com

## ۲۰

# [جمعہ کے دن غسل]

حَدَّثَنَا عَبدُ اللّٰهِ بنُ يُوسُفَ قالَ: أَخبَرَنَا مالِكٌ، عَن نافعٍ، عَن عَبدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُما أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قالَ: إذَا جاءَ أَحَدُكُمُ الجُمُعَةَ فَليَغتَسِل)).

Narrated 'Abdullah bin 'Umar (رضي الله عنه): Allah's Messenger (ﷺ) said,"Anyone of you attending the Friday (prayer) should take a bath.

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی شخص نماز جمعہ (ادا کرنے) کے لئے آئے تو اسے چاہیے کہ (پہلے) غسل کرے۔

---

صحیح البخاری، کتاب الجمعة، باب فضل الغسل یوم الجمعة، رقم الحدیث: ۸۷۷

